7/03/2026

12.30 pm

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے -

خبروں کا بلٹن لیکر میں اشفاق امین

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مودی کل نئی دلی میں تقریباً 33 ہزار 5 سو کروڑ روپے کی لاگت کے متعدد ترقیاتی منصوبوں کا افتتاح کریں گے اور سنگ بنیاد رکھیں گے۔

اس موقعہ پروزیر اعظم تقریباً 18 ہزار 3 سو کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر ہونے والے دلی میٹرو پروجیکٹوں کا افتتاح کریں گے اور سنگ بنیاد رکھیں گے۔ وہ دلی میٹرو کے دو نئے کوریڈورز کا افتتاح بھی کریں گے۔

دوس

آج آٹھواں سالانہ جن اوشدھی دِوس ہے۔وزیر اعظم نریندر مودی نے جن اوشدھی دِوس کے موقع پر لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔ایک سوشل میڈیا پوسٹ میںوزیر اعظم نے ان تمام لوگوں کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا جو Pradhan Mantri Bhartiya Janaushadhi Pariyojana سے مستفید ہوئے ہیں۔انہوں نے کہا کہ یہ اقدام لوگوں کو سستی قیمتوں پر معیاری ادویات تک رسائی کو یقینی بنانے کے حکومتی عزم کی عکاسی کرتا ہے۔

لیگ Atheletics

کھیلوں کی مرکزی وزیر مملکت رکشا کھڑ سے نے کہا ہے کہ انٹر نیشنل وومنز ڈے کے موقع پر 250 مقامات پر ملک کے کو 8 مارچ یعنی کل Atheletics لیگ منعقد کرائے جائیں گے -

ASMITA یعنی Achieving Sports Milestone by Inspiring Women through Action کے تحت ان لیگ مقابلوں کا مقصد خواتین میں کھیلوں کا رجحان پیدا کرنا ہے۔

پرگتی

ملکی سطح پر اہم اور بڑے ترقیاتی پروجیکٹونکی موثر عمل آوری کو یقینی بنانے کیلئے مرکزی سرکار نے سال2015میں پرگتی نام کی پہل شروع کی ۔پرگتی کے تحت وزیر اعظم نریندر مودی بذات خود پروجیکٹوں کی عمل آوری کی نگرانی کرتے ہیں۔ جموں کشمیر میں پرگتی کے تحت کافی پیش رفت حاصل ہوئی ہے ۔

اس منفرد پہل کے بارے میں وادی کے ایک نامور ماہر اقتصادیات ڈاکٹر اعجاز ایوب نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

...........Ajaz Ayoub...........

ڈپٹی کمشنر اننت ناگ

ڈپٹی کمشنر اننت ناگ ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے عام لوگوں، کاروباری افراد اور مسافروں کے لیے ٹریفک نظام کو بہتر بنانے کی غرض سے ایک میٹنگ طلب کی جس میں کاروباری افراد کی تنظیموناور ٹرانسپورٹ ایسوسی ایشنوں کے نمائندوں نے شرکت کی۔ انہوں نے میٹنگ کے دوران علاقے کے مختلف مسائل کو ڈپٹی کمشنر کی نوٹس میں لایا۔ ڈی سی موصوف نے انہیں یقین دلایا کہ ان کی طرف سے اٹھائے گئے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی کوشش کی جائے گی تاکہ عوام کو ٹریفک کے حوالے سے کسی مشکل کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

ڈپٹی کمشنر کولگام

ڈپٹی کمشنر کولگام شہزاد عالم نے سماجی بہبود کی اسکیموں کے فوائد کو زمینی سطح تک پہنچانے کے لیے موثر نفاذ اور باقاعدگی سے نگرانی پر زور دیا۔وہ ضلع میں محکمہ کے افسران کی ایک میٹنگ کی صدارت کر رہے تھے۔ میٹنگ میںانہوںنے میریج اسسٹنس سکیم سمیت دیگر سکیموں کا جائزہ لیا۔انہوںنے افسران کو ہدایت دی کہ وہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ تمام مستحق افراد کو سماجی بہبود کی مختلف اسکیموں کے دائرے میں لایا جائے ۔

ہارٹیکلچر

محکمہ ہارٹیکلچر نے مالی سال 2025-26 کے دوران باغبانی شعبے کو جدید خطوط پر استوار کرنے اور کسانوں کی آمدنی نیز پیداوار بڑھانے کی غرض سے متعدد اقدامات کئے ہیں۔ محکمے نے مرکزی اور یو ٹی کی مختلف سکیموں کے تحت Farm Mechanization ،جدید آپاشی نظام، ہائی ڈنسٹی پلانٹیشن کو فروغ دینے پر خاص توجہ مرکوز کی ہے۔

اطلاع

اور اب ہمارے خبروں کے بلٹینوں سے متعلق ایک اطلاع:-

ہمار ے یہاں سے نشر ہونے والا گوجری خبروں کا بلٹین آج شام سے 5 بجکر 45 کے بجائے اب اپنے معمول کے وقت یعنی شام 5 بجکر 50 منٹ پر نشر ہوا کرے گا ، جبکہ کشمیری خبروں کا بلٹین جو ماہ صیام کی وجہ سے شام 5 بجکر 55 منٹ پر نشر ہو ا کرتا تھا اب شام 6 بجے نشر ہوا کرے گا ۔

میلہ

جمونو کشمیر ریجنل آفس کی جانب (NABARD) نیشنل بینک فار ایگریکلچر اینڈ رورل ڈیولپمنٹ سے بہو پلازہ، تریکوٹہ نگر، جموں میں ”گرامین بھارت مہوتسو ، زراعت اور دستکاری کے لیے ایک دیہی میلہ“ کا انعقاد کیا۔ مہوتسو کا افتتاح ایڈیشنل چیف سکریٹری فائنانس شیلندر کمار اور RBI کے ریجنل ڈائریکٹر چندر شیکھر آزادکی موجودگی میں کیاگیا ۔یہ 3 روزہ میلہ 8 مارچ 2026 تک جاری رہے گا۔

کرکٹ

عالمی کپ کرکٹ کے فائنل میچ میں کل یعنی ایتوار کے روز احمد آباد کے ICC-T-20 مردوں کے نریندر مو دی اسٹیڈیم میں بھارت کا مقابلہ نیوزی لینڈ سے ہو گا۔

ممبئی کے وانکھڑے اسٹیڈیم میں کھیلے گئے دوسرے سیمی فائنل میں ایک دلچسپ مقابلے میں بھارت نے انگلینڈ کو سات رنوں سے شکست دی تھی۔ پہلے سیمی فائنل میں نیو زی لینڈ نے ساوتھ افریقہ کو ہرایا تھا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

❋ ❋ ❋ ❋ ❋ ❋ ❋ ❋ ❋ ❋ ❋ ❋